جناب لائق محمد خان: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، جس طرح کہ مشتاق غنی صاحب نے فرمایا کہ نوے (90) دن کے لئے لوگ آئے جنہوں نے Caretaker کا نام لے کر پھر وہ آٹھ نو (8/9) مہینے لگا گئے، ظلم تو یہ ہوا، ستم تو یہ ہوا ہے، اس صوبے کے ساتھ سب سے بڑا ظلم اور ستم یہ ہوا کہ گیارہ ارب روپے کی کرپشن کر گئے، جو ثبوت میرے پاس یہ موجود ہے، یہ موجود ہے میرے پاس، گیارہ ارب روپے کی کرپشن کر گئے کون؟ Caretaker والے، ہوتا اس طرح ہے، جب بھی Caretaker حکومت بنتی ہے تو جناب سپیکر، غیر سیاسی لوگوں کو نگران وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ بنایا جاتا ہے لیکن آپ نے دیکھا کہ پی ٹی آئی کو چھوڑ کر ہر پارٹی کے چھ چھ، آٹھ آٹھ منسٹرز بنائے گئے جو کہ ریکارڈ پہ موجود ہے جنہوں نے اپنے آقا، اپنے بڑوں کی پارٹی کے، بڑوں کے حکم پہ کرپشن کروائی، کرپشن بھی اس طرح ہوئی جناب سپیکر، کرپشن اس طرح ہوئی کہ دس بجے Punching ہوتی ہے، دس بجے دو ارب روپے کی Punching ہوتی ہے اور گیارہ بجے وہ پیسے ضلع میں تقسیم ہو جاتے ہیں، اس کو کرپشن کہتے ہیں۔ آیا یہ ان کا مینڈیٹ تھا، کب قانون کا یہ مینڈیٹ نہیں تھا؟ اس کے علاوہ دوسری گزارش پینتالیس سو، چار ہزار پانچ سو (4500) لوگ اس غیر آئینی وزراء نے غیر آئینی وزراء نے پینتالیس سو لوگ بھرتی کئے ہیں، پینتالیس سو لوگ چار ہزار پانچ سو (4500) لوگ اندازہ لگالیں اور چار ہزار پانچ (4500) لوگ میں سے میں دعوے سے کہتا ہوں کہ تین ہزار (3000) لوگوں سے پیسے لئے ہیں، تین ہزار لوگوں سے پیسے، جو کہ میرے پاس ثبوت موجود ہے، اگر میں ثبوت نہ پیش کر سکا تو جو چور کی سزا وہ میری ہو گی، اگر میں نے پیش کیا، میری آپ سے گزارش ہے کہ گیارہ ارب روپیہ جو اس پسماندہ ضلع کا ہڑپ کیا گیا ہے، میرے پاس ثبوت موجود ہے، اس بجٹ پاس ہونے سے پہلے پہلے میرا خیال ہے تمام یہ ایوان میرے ساتھ اس بات کی گواہی دے گا کہ لائق خان یہ بات ٹھیک کہہ رہا ہے۔ میرے محترم، یہ ظالم بجٹ، یہ غیر آئینی بجٹ، یہ غلط بجٹ، یہ بوگس بجٹ ہم پہ نہ پاس

کرائیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ گیارہ ارب روپے، (تالیاں) گیارہ ارب روپے وہ کھا گئے، گیارہ ارب روپے وہ کھا گئے، جو آج جس کے پاس میری طرح گدھا بھی نہیں تھا، آج وہ مرسیڈیز لے کر پھر رہا ہے، تو وہ گیارہ ارب روپے جو ہے، اگر یہ بجٹ آپ پاس ہی کراتے ہیں تو مہربانی کر کے اس کو، آسان بات ہے کہ جی اس کو کمیٹی میں بھیج دیں، نہیں، اس کے لئے سپیشل کمیٹی بنائیں، سات دن کا نوٹس دیں، سات دن کا، میں ساتھ بیٹھ کر سات دن میں آپ کو ثابت کر کے دونگا کہ یہ گیارہ ارب روپے کی کرپشن ہوئی ہے، گیارہ ارب روپے کی کرپشن ہوئی ہے، اس کے بعد اگر آپ پاس کرانا چاہیں تو یہ پاس کرائیں لیکن سپیشل کمیٹی بنائیں، اگر آپ دوسری کمیٹی کو بھیجیں گے تو یہ کام نہیں چلے گا۔ جناب سپیکر، جو ظلم، جو ظلم ہمارے اس صوبے کے ساتھ ان نو مہینے میں ہوا ہے، اس کی مثال یہ چھہتر (76) سال میں نہیں مل سکتی، اگر یہ ثابت نہ ہوا تو میں سزا کے لئے، ہر سزا بھگتنے کے لئے تیار ہوں۔ میری آپ سے پرزور گزارش ہے کہ سب کے چہرے یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ رولنگ دیں، سپیشل کمیٹی بنائیں اور اس کو پینڈنگ کریں اجلاس کو، اور سات دن کے اندر اندر میں ثابت کر کے لاؤنگا کہ کس کس نے اس بہتی گنگا میں ہاتھ دھوئے ہیں؟ (تالیاں) بلکہ ہاتھ نہیں دھوئے ہیں وہ نہائے ہیں۔ یہ ظلم اور دوسری آخری گزارش، گیارہ پرسنٹ، گیارہ پرسنٹ یا سولہ سرکاری لوگوں نے، یہ ثبوت بھی میرے پاس موجود ہے، گیارہ پرسنٹ سے سولہ پرسنٹ تک سرکاری لوگوں نے پیسے لے کر ریلیز کئے، فنڈز ریلیز کئے جناب سپیکر، ڈیڑھ ارب روپے کی کرپشن کا کیس، ڈیڑھ ارب روپے کرپشن کا کیس آج بھی کمیٹی کے پاس پڑا ہوا ہے۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ لائق خان، بہت شکریہ آپ کا۔

<u>جناب لائق محمد خان:</u> مہربانی کر کے وہ ڈیڑھ ارب روپیہ ہیلتھ والی کمیٹی جو ہے اس میں پڑا ہوا ہے، مہربانی کر کے اس کو بھی اجاگر کریں کہ ڈیڑھ ارب روپیہ ہمارا اس صوبے کا کیوں کھایا گیا ہے؟ شکریہ جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> اچھا بالکل، ابھی جب یہ کمیٹیاں ہم بنالیں گے اس ہاؤس کی اجازت کے ساتھ تو پھر ان شاء اللہ یہ ایشوز جو ہیں ناں، ہم ان کو ریفر کریں گے، سپیشل کمیٹیاں بھی بنائیں گے۔ جناب طفیل انجم صاحب۔

<u>جناب طفیل انجم:</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ وختی زمونږه لیډر آف اپوزیشن دوه خبرې اوکړې۔ خبرې ئے خو ډیرې اوکړې خو ما پکښې دوه نوټ کړې، نور به Concerned Ministers جواب ورکوی د هغې۔ یوه خبره ئے دا اوکړه د قبضه مافیا، نو زما تاسو ته دا خواست دے چې کوم زمونږه د سی ایم صاحب او زمونږه معزز اراکین پسې دا خبره اوکړه چې دا قبضه مافیا دی،

نوداغیر پارلیمانی الفاظ دی او دا دې فوراًواپس کړې شی او ده په دې خبره اوکړه چې سی ایم صاحب په خپل سپیچ کښې وائی چې ما هم بهته ورکړې ده، نو May be چې د 2013 نه چې کوم مخکښې حکومتونه وو، په هغې کښې دا قسم له خبرې وې چې بهته خوری به وه، Target killingبه وو او بم دهماکې به وې، کیدې شی هغه ټائم کښې ئے ورکړې وی یا زمونږه ډیرو معززو خلقو، ډیر معززین به چې کوم دې نو هغوی دغه څیزونو کښې به Involveووا و هغوی به Sufferکیدل او دریمه خبره ده اوکړه چې کرپشن، په صحت یعنی په هیلتھ ډیپارټمنټ کښې چې کوم بې ضابطګئی شوې دی، نو یو خو هسې الزام وی او زمونږه منشور دے دپارټئی هم چې کم از کم په کرپشن باندې بالکل No compromise، نو زما دا خواست دې چې که دلیډرآف دی اپوزیشن یا دغه نورو ممبرانو سره که داسې څه Evidence وی نو راؤدې وړی او ان شاءاللہ و تعالیٰ زه او زمونږه چې څومره هم ټیم دے، کیبنټ دے، منسټرز دی نو هغوی به پرې ایکشن اخلی ان شاءاللہ وتعالیٰ۔ او زه به اوس په بجټ باندې یو دوه خبرې اوکړم۔ تاسو اوګورئ په آرټیکل 224باندې، په دې کښې دا لیکلی دی۔

“A general election to the National Assembly or a Provincial Assembly shall be held within a period of sixty days immediately”

تاسو ما ته دا اووایئی چې کله یو’نګران سیټ اپ‘ راغلے وو نو دې ټولې صوبې ته او دې ټول پاکستان ته پته ده چې د هغې منسټرز څوک وو، هغه منسټرز د مختلفو پارټو وو او د هغه مختلفو پارټوچې کوم لیډرشپ وو، هغوی به Claimکولو چې د اے این پی دومره منسټرز دی او د پی پی پی دومره منسټرز دی او د فلانکی دومره منسټرز دی، نو دا څومره د شرم او د افسوس خبره ده چې د پی ډی ایم نګران حکومت راغلے وو او ورسره دا بجټ چې کوم دے نو څلور میاشتې یو او څلور میاشتو نه پس چې کوم Illegal timeووویا Ninety daysنه بعد، نو مونږه ولې د دوئ دا Illegal budget او غیر قانونی بجټ ولې مونږه پاس کړو؟ او که چرېIn case مونږه دا بجټ پاس کوؤ نو زما به دا خواست وی چې د دې د پاره دې یو سپیشل کمیټی جوړه شی د اسمبلئی، په هاؤس کښې، په دې معزز هاؤس کښې دې یوسپیشل کمیټی د دې د پاره جوړه شی او دویم دګورنمنټ په سطح باندې د دې د پاره دې یو کمیشن جوړ شی،

Evenداچې کومExpendituresدی غیر آئینی، د ځلورو میاشتو بیا د ځلورو میاشتو او یو میاشتې، دوئ سره د ټرانسفر پوسټنګ اختیارشته آیا؟ دا چې زمونږه دې معزز رکن دا خبره اوکړه چې په زرګونو اپوائنټمنټس شوی دی نو آیا دغه نګران د دغه د پی ډی ایم چې کوم حکومت وو نود دوئ سره دا اختیار شته چې په زرګونونوکرئ هغوی چې کوم دے نو په دې صوبه کښې ورکړی یا خرڅې کړی یا ورکړی؟ او آیا دوئ سره دا اختیار شته چې په دغه تیر، Previous کښې دوئ څومره هم Expendituresکړی دی، یعنی زه به تاسو ته دا اووایم، په دې بجټ کښې ئے لیکلی دی چې دا Total expenditureشوے دے تیره سو ساټھ (1360)ارب روپئی او د ځلورومیاشتو او بیا د ځلورو میاشتو چې راغونډ کړې،یعنی نګران حکومت کښې چې څومره Utilization او څومره Expenditureشوے دے نو هغه چې Minusکړې نو ګیاره سو اټھاون (1158) ارب روپئی چې کوم دی نو هغه دوئExpenditureکړے دے، نو زما دا خواست دے چې نیب ته دې هم، دغه دا دوئ چې کوم Illegal چې آئین پاکستان کښې یو شق کښې دا نشته دے چې یره دا به د Ninety days یا د Four monthsنه به سیوا نګران حکومت نه وی، نو آیا دغه حکومت چې د هغه وجود ټولIllegalدے نو دوئ څنګه دا دومرهExpendituresکول؟ د دې د پاره دې یو هائی لیول کمیټی کمیټی جوړه شی، په دې اسمبلی فلور، هاؤس کښې دې د دې ممبرانو صاحبانو یو سپیشل کمیټی جوړه شی،نیب ته دې هم لاړ شی Plusګورنمنټ ته زما دا خواست دے چې-------

جناب سپیکر: طفیل انجم صاحبSum upکریں جی۔

جناب طفیل انجم: زما خواست دے چې په دې باندې دغه اوکړی۔ ستاسو جناب سپیکر، ډیره ډیره مننه۔ السلام علیکم۔

جناب سپیکر: بہت شکریہ۔ اچھااس طرح ہے کہ Rule136کی کلاز 2یہ کہتی ہے کہ بجٹ کے اوپر کوئی کمیٹی نہیں بن سکتی، نہ اس کوReferکیا جا سکتا ہے، تواس کو بعد میں دیکھیں گے، جب کوئی بات ہو گی تو اس پہ دیکھیں گے۔ جناب عبدالکریم خان اور پھر ڈاکٹر امجد صاحب صاحب۔

جناب عبدالکریم (معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت): شکریہ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو بڑے احترام کے ساتھ ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحب نے، عدنان بھائی نے کچھ باتیں اس طرح کیں کہ جو اس کی وضاحت کرنا ہو گی لیکن آخر میں سر، جس طرح ہمارے فیڈرل سے ٹرانسفر Ninety two percent ہے، اگر ٹوبیکو لے لیں تو ہمیں ہمارا حق نہیں ملتا، Hydro power پہ آجائیں تو ہمیں ہمارا حق نہیں ملتا، Oil & Gas پہ آجائیں تو ہمارا حق نہیں ملتا، ابھی Recently خیبر پختونخوا نے جو پہلا ایگریمنٹ Wheeling کا کیا تھا گدون میں One point five (1.5) rupees per unit کا، ابھی دوبارہ دو سو اڑتالیس (248) میگاواٹ ہمارے پاس ہے، ہم اپنی انڈسٹری کو دینا چاہ رہے ہیں۔ اس وقت فیڈرل گورنمنٹ نے ہمیں پچیس روپے چارجز کا کہا ہے کہ Wheeling آپ پچیس روپے دے کر کریں، Out of Court Settlement کیلئے انہی گورنمنٹ نے، خیبر پختونخوا نے پورا اپنا حصہ جو ہے ناں وہ گنوادیا لیکن پھر بھی یہ نہ ہوا۔ جہاں تک فیڈرل گورنمنٹ کی بات ہے، Law and Order کی بات ہے تو میں یہ کہتا ہوں کہ جب عمران ساڑھے تین سال پرائم منسٹر تھا، اگر (1947) 47ء سے لے کر آج تک پی ڈی ایم کی مختلف پارٹیاں یہاں پہ مسلط تھیں، ساڑھے تین سال میں ہم سے پچہتر سال کی رپورٹ مانگ رہے ہیں، ہمارے وقت میں Law and Order بہتر ہوا، (تالیاں) بارڈر پہ Fencing ہوئی، غلام خان گیٹ وے کھلا، انگور اڈہ گیٹ وے کھلا، خرلاچی گیٹ وے کھلا، خیبر کھلا، یہاں تک کہ North میں لوگ جا نہیں سکتے ہیں لیکن وہاں پہ ان کے محسن، جنہوں نے فارم سینتالیس ایجاد کیا ہے، Export Processing Zone سینکشن کرا کے اس کو پراسیس کرا کے انڈسٹریاں چل رہی ہیں وہاں پہ، (تالیاں) اس کے ساتھ ساتھ Law and Order کی پوزیشن یہ ہے کہ جب ہماری حکومت آئی تو میرے اپوزیشن لیڈر کے بھائی نے پشاور میں گھر خریدا، اس سے پہلے ان کا گھر اسلام آباد میں تھا، کیوں؟ امن آیا، امن کیلئے یہاں رہائش اختیار کی، اس سے پہلے اسلام آباد میں رہائش تھی، میں صرف مثالیں دوں گا۔ صحت کارڈ First time introduce ہوا، سسٹم کی غلطیاں ہو سکتی ہیں لیکن Transparency ہم نے Ensure کی تھی، تجربے کے بعد اس مرتبہ اس کو مزید Screening اور Checks لارہے ہیں لیکن دوسری طرف جب ہم نے بینظیر انکم سپورٹ کے ڈیٹا کو Verify کیا تو ساڑھے نو لاکھ بوگس لوگ نکلے ہیں، ساڑھے نو لاکھ، ریکارڈ پہ ہے، میڈیا والے بھائی میرے بیٹھے ہیں، ساڑھے نو لاکھ اس میں بوگس نکلے۔ سر، ایم ٹی آئی کی بات کرتے ہیں، برکی صاحب کو چھوڑیں،

ان کی بڑی خدمات ہیں لیکن جو ایم ٹی آئی میں آپ کے محسنوں نے، آپ کے گورنر صاحب نے، آپ کے Caretaker، Caretaker تو میں نہیں کہونگا، 'ٹھیکہ ٹیکر' کہونگا، 'ٹھیکہ ٹیکر' ، حکومت نے ان کے بورڈ میں Reshuffling کی، اپنے بندے ڈالے ہیں، سسٹم Collapse ہوگا، ان شاءاللہ اس کا گورنمنٹ نے نوٹس لیا ہے، اس کے ساتھ آپ کے سامنے گورنمنٹ، چیف منسٹر ڈیمانڈ کر رہے ہیں، سمری بھیجی ہے کہ مجھے IG اور چیف سیکرٹری دے دیں، ابھی تک، یہ فیڈرل گورنمنٹ کا کمال ہے، سی سی آئی میں صاحب کہہ رہے ہیں کہ یہ ہوا تھا، Decide یہ ہوا تھا کہ چھبیس، بھائی، ہماری حکومت جب جا رہی تھی تو سولہ روپے Per unit بجلی کی Cost تھی، ڈھائی سال میں کدھر چلی گئی، کیا یہ IPPs ہم نے لگائے تھے؟ کیا پاکستانی لوگوں کو بینک سے قرضے دے کے IPPs ہم نے لگائے؟ یہ Kick backs ہم نے کئے، اس کے ساتھ ساتھ اے جی این قاضی فارمولا اگر وہ لگالیں، اگر وہ آجائے، ہمارے کافی مسائل اس سے حل ہو سکتے ہیں۔ سر، جہاں تک گورنر ہاؤس کی Taking کی بات ہو رہی ہے، اس کا تناظر سر یہ ہے کہ 'کے پی ہاؤس' اسلام آباد میں سندھ سے ہمارے ایم پی ایز آئے ہیں، وہ ہمارے کنونشن میں کھڑے ہوئے کہ کل ہم سندھ ہاؤس گئے، شرم کی بات ہے، الیکٹڈ لوگوں کے ساتھ یہ کیا جاتا ہے، انہوں نے کہا ہے کس پارٹی سے تعلق ہے، کہتے ہیں پی ٹی آئی، کہتے ہیں جی آپ کے لئے یہاں رہائش کا کوئی بندوبست نہیں ہے، تو سی ایم نے کہا کہ اگر میرے سندھ کے ایم پی ایز نہیں رہیں گے، یہ بات انہوں نے اس تناظر میں کی، اس کا غلط وہ نہیں لینا چاہیئے۔ ہاں ارباب صاحب نے کچھ Suggestions دیں، میں ان کو Appreciate کرتا ہوں، اس میں یہ بھی ہوا ہے، اپوزیشن لیڈر صاحب کہہ رہے ہیں کہ جی اے این پی کے دور میں Throw forward ساڑھے تین سال تھا، اس وقت سولہ سال ہے، میں کہتا ہوں اگر صحت کارڈ کا وجود خراب تھا تو آپ کو فارم سینتالیس کا سہارا کیوں لینا پڑا؟ (تالیاں) اگر اے این پی Deliver کرتی اور ایس ایم ایس اور ایزی لوڈ نہ ہوتا تو آج ان کا ممبر فارم سینتالیس پہ اس اسمبلی میں نہ بیٹھتا اور ان کا سینیٹر بلوچستان سے نہیں ہوتا۔ عدنان خان نے جو باتیں کی ہیں تو میں ان کو Appreciate کرتا ہوں کہ کچھ کچھ بجٹ پڑھا ہے لیکن یہ ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ کی پارٹی نے یہ پیسہ لگایا ہے، بادشاہ سلامت گورنر صاحب، آپ کی پارٹی کا، چیف منسٹر پی ڈی ایم کے تھے، یہ تو آپ کے خرچے پہ ہم بحث یہاں کرتے ہیں، ہمارے ایم پی ایز انکار کرتے ہیں، میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں حکومت چلانی ہے، سسٹم چلانا ہے، بجٹ پاس کرنا ہے، پبلک اکاؤنٹس کو آپ ٹائم دیں سر، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو آپ

دیں کہ آپ نے کمیٹی کے اجلاس بلانے ہیں اور اتنے دنوں میں وہ چیز نکالنی ہے کہ آپ Time line کے وقت یہ فنانس سے Fifteen percent سے کس طرح ریلیز ہوتا تھا، ان ٹھیکیداروں کو آپ شکایت کا موقع دیں، ان کے لئے Complaint cell کا وہ کریں تاکہ وہ آئیں اور کہیں کہ جی میں نے Fifteen percent دیئے، اسکے بعد مجھے میرے پیسے ملے ہیں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> بہت شکریہ، سر۔

<u>معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت:</u> ان کو ساڑھے چار ہزار نوکریاں جو کہ Taker-Taker حکومت نے کیں توان کو اس کا جواب دینا ہے کہ آیا آپ کو اس لئے، تھینک یو، سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب ڈاکٹر امجد صاحب۔

<u>جناب امجد علی (معاون خصوصی برائے ہاؤسنگ):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ بجٹ پہ بات ہو رہی ہے سپیکر صاحب، جس طرح ہمارے گورنمنٹ بنچز سے سارے لوگ جو گناہ ہم نے نہیں کئے، جو پی ڈی ایم کی شکل میں ایک نگران حکومت تھی، ان کے اخراجات ہیں، ان کا بجٹ ہے، اس کو ہم بادل نخواستہ اس صوبے کے عوام کی خاطر اس صوبے کے لوگوں کی خاطر اس کو پاس کرائیں گے لیکن میں جو نو مہینے نگران گورنمنٹ جو کہ اصل میں پی ڈی ایم کی گورنمنٹ تھی اور Online programs میں ان کے لیڈر کہتے تھے کہ صوبہ میں پیپلز پارٹی کو ایک فارمولے کے تحت اتنی منسٹریاں ملی ہیں، جے یو آئی کو اتنی ملی ہیں اور پی ایم ایل کو اتنی ملی ہیں اور یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے، جو نو مہینے انہوں نے نگران کی شکل میں پی ڈی ایم نے اس صوبے کے ساتھ جو حشر کیا، وہ سب کو معلوم ہے اور یہ جتنے بھی اخراجات ہوئے ہیں اور جتنے بھی اس بجٹ کو ہم پاس کریں گے، یہ غلاظت ہماری نہیں ہے، ان کی غلاظت ہے، اس کو ہم صاف کریں گے لیکن اس صوبے کے عوام کی خاطر۔ جناب سپیکر صاحب، اس بجٹ میں جو یہ تین چار مہینے جو ہماری حکومت آئی ہے، اس پہ میں بات کرونگا، جس طرح ہمارے اپوزیشن لیڈر نے بہت مطلب بڑھا چڑھا کر بات کی، انہوں نے کچھ چیزوں پہ بات کی جس میں صحت انصاف کارڈ پہ انہوں نے بات کی، سب کو پتہ ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کو جو یہ تیسری دفعہ حکومت ملی ہے، اس میں صحت انصاف کارڈ کا بہت بڑا Role ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اسی سے پہلے دس سال پہلے بھی یہاں پہ ان کی پارٹیوں کی حکومتیں تھیں، تو میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ صحت کی مد میں انہوں نے اس صوبے کے غریب عوام کے لئے کیا کیا تھا؟ یہ بھی کوئی ایک

پراجیکٹ بتادیں جو غریب عوام کے لئے انہوں نے کیا تھا،اس بجٹ میں جو چھبیس ارب روپے رکھے گئے ہیں، فی خاندان دس لاکھ روپے، اس کو ہم Appreciate کرتے ہیں اور میں Suggestion دیتا ہوں کہ پچھتر لاکھ خاندانوں کو جو یہ پیسے مل رہے ہیں،اس کو بڑھاکر بیس لاکھ کر دیا جائے تاکہ لوگوں کو اور بھی سہولت صحت کی مد میں ملے، تو یہ صوبائی حکومت کا اور یہ جو تین مہینے کا جو بجٹ میں اس کے لئے چھبیس بلین روپے رکھے گئے ہیں، یہ ایک احسن اقدام ہے۔ اس کے علاوہ جو رمضان پیکج کی بات ہوئی تو سب کو پتہ ہے کہ یہ BISPاور جو احساس پروگرام کا ڈیٹا ہے،اس پہ جو ہے اس کا جو اپنا Criteria ہے، اس پہ یہ پیسے لوگوں کو دس ہزار روپے ملے ہیں لیکن یہاں پہ پیپلز پارٹی کی بھی حکومت ہے، سندھ میں انہوں نے بھی پیسے دیئے ہیں، رمضان پیکج کی شکل میں ریلیف دیا ہے اور انہوں نے پانچ ہزار روپے دیئے ہیں، پنجاب گورنمنٹ نے صرف تین ہزار پانچ سو روپیہ دیا ہے جو اس صوبے کے پینسٹھ فیصد حصے پہ قابض ہے،اس کا مطلب یہ ہے سارے پاکستان ہی پہ قابض ہے، تو انہوں نے صرف اپنے غریب لوگوں کے لئے تین ہزار پانچ سو روپے رکھے گئے ہیں، تو اس پہ کیا قباحت ہے کہ غریب لوگوں کو جب صوبائی حکومت، KP میں پی ٹی آئی کی حکومت ریلیف دیتی ہے تو ان لوگوں کو پھر تکلیف ہوتی ہے، تو تکلیف کیوں ہے؟ صحت انصاف کارڈ پہ جو غریب لوگوں کو دس لاکھ روپے ملتے ہیں ہر سال، تکلیف اس لئے ہے کہ ان کو دس ہزار روپے رمضان پیکج کی شکل میں عید پیکج کی شکل میں ملتے ہیں، اس لئے تکلیف ہے، ان کو تکلیف پی ٹی آئی حکومت سے نہیں ہے، ان کو تکلیف غریب لوگوں کو سہولت ملنے پہ ہے اور اس لئے انہوں نے اپنا چہرہ دیکھ لیا 2024 کے الیکشن میں بھی اور اس سے پہلے بھی اور یہاں بھی وہ جو لوگ آئین کی باتیں کرتے ہیں کہ یہ غیر آئینی ہے اور فلاں ہے ڈھینگا ہے، تو میں بتانا چاہتا ہوں کہ Regime change کی بات خان صاحب کی حکومت گرانے کی بات جو غیر آئینی طور پہ ان کی حکومت کو گرایا گیا تھا، اس کے بعد اس ملک میں کونسا آئین کے مطابق کام ہوا ہے، کوئی ہوا ہے کوئی بتا سکتا ہے؟ اور یہ جو یہاں پہ بیٹھے ہوئے فارم سینتالیس والے، ان کا، یہ اپنے دل میں جھانک کر دیکھ لیں کہ ہم عوام کے ووٹوں سے آئے ہیں یا نوٹوں سے آئے ہیں؟ سب کو پتہ ہے کہ ہم نے کتنے کتنے نوٹ دیئے ہیں؟ (تالیاں) ہر ایک کو پتہ ہے کہ کتنے نوٹوں سے جو ہے ناں میں اس اسمبلی میں پہنچا ہوں اور یہ اپنے حجروں میں لوگوں کو بتاتے ہیں کہ میں نے اتنے اتنے نوٹ دیئے ہیں، یہ عوام کے منتخب لوگ نہیں ہیں۔ دوسری بات، اس بجٹ میں احساس پیکج کے لئے ایک اعشاریہ پانچ (1.5) بلین رکھے گئے ہیں، بالکل میں اس کے ساتھ Agree ہوں

کیونکہ یہ چونکہ خواتین غریبوں معذوروں اور کمزور طبقوں کے لئے مخصوص کئے گئے ہیں تو اچھی بات ہے کیونکہ یہ بھی غریب لوگوں کے لئے ہے۔ اس کے علاوہ بی آر ٹی پر بات ہو گئی، تو بہت مطلب ہے کہ دل بڑا کر کے جھوٹ بولتے ہیں یہ لوگ کہ بی آر ٹی، یہ تو جا کر ان لوگوں سے آپ پوچھیں جو تین لاکھ لوگ روزانہ بی آر ٹی میں سفر کرتے ہیں، غریب لوگ، آپ ان سے جا کر پوچھیں کہ وہ آپ کو بتائیں، وہ اپنے احساسات بتائیں، آپ کو اس کے فوائد بتائیں، تو تین لاکھ لوگ روزانہ پشاور میں بی آر ٹی کے Through سفر کرتے ہیں اور یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ ایک ناقص منصوبہ ہے، آپ جا کر عوام سے پوچھ لیں اور آپ گئے ہیں، الیکشن میں گئے تھے، عوام نے آپ کو دکھایا ہے، منہ کی کھانی آپ کو پڑی ہے تو اس طرح کے منصوبے، اچھا میں Law and Order پر آتا ہوں، Law and Order میں بھی یہاں پہ پیسے رکھے گئے ہیں، 126 بلین روپے میں بذات خود اس کے ساتھ Agree نہیں ہوں، اس کی وجہ یہ ہے کہ جو Law and Order کی شکل میں جو پی ڈی ایم حکومت نے نگران کی شکل میں یہ جو نو (9) مہینے انہوں نے یہ جو پیسہ خرچ کیا ہے، یہ صرف اور صرف پاکستان تحریک انصاف کے لیڈروں کے خلاف اور پاکستان تحریک انصاف کے ورکروں کے خلاف یہ پیسے خرچ ہوئے ہیں، ان کے خلاف غیر قانونی، غیر آئینی چھاپے مارے گئے ہیں، ان کے خلاف ان کے گھروں میں بغیر Search اور بغیر Warrant کے یہ گھسے ہیں، یہ سارا پیسہ انہوں نے اس پہ استعمال کیا ہے۔ یہ تو وہی پولیس تھی جو 2017 میں ہم ایک ایکٹ لے کر آئے تھے، پولیس ایکٹ 2017 جس میں سب سے پہلے یہ تھا کہ "پہلے سلام اور بعد میں کلام"، پولیس کا موٹو یہی تھا لیکن ان لوگوں نے اپنے سیاسی مقاصد کے لئے پولیس کو اس طرح بھیانک طریقے سے استعمال کیا اور یہ جو اس غریب صوبے کے لوگوں کا پیسہ ہے، یہ انہوں نے اس طرح پولیس کے ذریعے پاکستان تحریک انصاف کے ورکروں کے خلاف استعمال کیا کہ آپ سب کو پتہ ہے کہ ہر ایک پہ یہ بات گزری ہے کہ کسی کا بیٹا اغواء ہوا ہے، کسی کی خواتین، کسی کے گھروں میں گھسے ہیں، کسی کے حجروں میں گھسے ہیں، میں کہتا ہوں کہ جو پولیس ایکٹ 2017 ہے، اگر یہ پولیس، اگر ان میں تھوڑی سی ہمت تھی، اس کو ہم نے خود مختار بنایا تھا، تو یہ حرکت یہ نہ کرتے، یہ Pressurize نہ ہوتے لیکن اس میں یہ صلاحیت نہیں تھی، تو میرے خیال میں جو یہ 2017 کا پولیس ایکٹ ہے اس کو Reverse ہونا چاہیے۔ (تالیاں) یہ اس قابل ہے ہی نہیں، یہ اس قابل ہے ہی نہیں کہ ان کو آپ خود مختار بنائیں۔ دس سال سے ہم نے کسی ڈی پی او کو، کسی ایس ایچ او کو، کسی ڈی ایس پی، آئی جی کو نہیں کہا کہ ہمارے حلقے میں فلاں بندوں کو لگاؤ، کسی نے کہا ہے؟ کسی نے

نہیں کہا لیکن ایک سال میں یا نو(9) مہینے میں اس نے جو حشر کیا پولیس ڈیپارٹمنٹ میں، وہ آپ سب کے سامنے ہے، تو میرے خیال میں اس بجٹ کو جو یہ تین مہینے کا بجٹ ہے جس میں جو احساس پروگرام کے لئے پیسے رکھے گئے ہیں، اس میں جو بی آرٹی کے لئے ہے یا صحت کارڈ کے لئے اس کو تو ہم سپورٹ کرتے ہیں اور میں نے شروع میں کہا کہ ہم اس کو با دل نخواستہ پاس کریں گے، اس صوبے کے عوام کیلئے، ان کے مفاد کیلئے، لیکن جو اچھی باتیں یہاں بھی عثمان صاحب نے کیں، اس کو ہم ضرور Appreciate کریں گے جو اچھی اچھی Suggestion آتی ہیں، ہمارے صوبے میں معدنیات سب کو پتہ ہے کہ Revenue generation کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے، اس میں انہوں نے پیسے مختص کئے دو بلین روپے، Eighty one percent جو پچھلے سال سے زیادہ میں اس کو کہتا ہوں کہ اس کو دو سو پرسنٹ (200%) زیادہ ہونے چاہئیں کیونکہ جو Capacity معدنیات میں ہے ہمارے صوبے میں، وہ کسی اور ڈیپارٹمنٹ میں ہے ہی نہیں، لیکن Appreciate کرتے ہیں کہ Eighty one percent اس کو زیادہ رکھا گیا ہے۔ اس طرح ہماری صحت، تعلیم اور باقی چیزیں، ٹورازم جو ہمارے صوبے کا اور خاص کر Northern area ہے، اس کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے، اس کے لوگوں کی معاش کا، تو میرے خیال میں اس کے لئے بھی اس میں پیسے رکھنے چاہئیں اور اس بجٹ میں اس کو بھی ایک Huge amount دینی چاہیئے تاکہ ہم ٹورازم کو اور بھی Promote کریں۔ اس طرح ہمارے ساتھ اس کے علاوہ ایگریکلچر ہے جو ریڑھ کی ہڈی ہے ہماری۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب ڈاکٹر صاحب!

<u>معاون خصوصی برائے ہاؤسنگ:</u> ایگریکلچر میں بھی چاہیئے، چلو شکریہ، تھینک یو، آپ نے مجھے ٹائم دیا۔

<u>جناب سپیکر:</u> بہت شکریہ۔ جناب شفیع اللہ خان اور نگزیب صاحب کے بعد ملک لیاقت اور اورنگزیب صاحب۔

<u>جناب شفیع اللہ:</u> شکریہ، سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ پولیس ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اور اپوزیشن نے مل کر ہمیں دیوار سے لگانے اور ہمیں بے عزت کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیا۔ ہمارے خلاف Baseless اور Fabricated قسم کے Criminal cases رجسٹرڈ کروائے، ہمارے اور ہمارے ورکر کے خلاف انتہائی غلیظ اقدامات کئے، ہماری چادر اور چار دیواری کا تقدس بری طرح پامال کیا تھا لیکن چلو اس پہ میں بات نہیں کرتا ہوں لیکن سب سے

پہلے میں اپنے Colleagues جو ٹریژری بنچز سے ہیں یا اپوزیشن سے ہیں، مگر جو فارم پینتالیس کے تحت ممبر پراونشل اسمبلی منتخب ہو کر آئے ہیں، ان کو میں مبارکباد پیش کرتا ہوں اور جو فارم سینتالیس کے تحت یعنی چور دروازے سے آئے ہیں، ان پہ میں لعنت بھیجتا ہوں، ان پہ میں لعنت بھیجتا ہوں۔ جناب سپیکر، بجٹ جو Present ہوا، اس میں مختلف پروگرام کا تذکرہ ہوا ہے، سب سے پہلے میں آپ کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ جب جنوری 2023 میں پراونشل اسمبلی Dissolve ہوئی تو Interim government وجود میں آئی، ان کی ذمہ داری تھی، ان کی Responsibility تھی کہ نوے (90) دن کے اندر جنرل الیکشن Conduct کراتے مگر نوے (90) دن کی بجائے اقتدار کے مزے لوٹتے ہوئے یہ دورانیہ میرے خیال میں آٹھ دس مہینوں تک پہنچایا، میں Suggest کرتا ہوں کہ نوے (90) دن سے زائد تیرہ مہینے جو پیریڈ انہوں نے گزارا ہے، یہ غیر قانونی ہے، یہ غیر آئینی ہے، اس دوران ان کو جو مراعات ملی ہیں، جو Facilities ملی ہیں، ان کو واپس کیا جائے اور جو فیصلے دیئے ہیں، جو بھرتیاں کی ہیں، اان کو Null and void تصور کیا جائے، میں اس بجٹ کو کیوں پاس کروں I was behind the bars along with my other colleague, MPAs from Dir; we were behind the bars for two three months. میں کیوں اس بجٹ کو پاس کروں؟ دوسری بات جناب سپیکر، بجٹ میں صحت سہولت پروگرام پر بحث ہو رہی ہے جو قائد تحریک عمران خان کا ایک فلیگ شپ منصوبہ ہے جس سے لاکھوں کروڑوں پاکستانی مستفید ہو رہے ہیں۔ جو یہ KP میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت آئی تو ہمارے چیف منسٹر جناب علی امین خان گنڈاپور نے پہلی سپیچ میں صحت سہولت پروگرام کو Impose کرنے کا فیصلہ کیا اور ماہ رمضان میں اس کو عملی شکل دے کر نافذ کیا جس سے پورے لوگ Across the board مستفید ہو رہے ہیں لیکن تیمرگرہ جو ایک Densely populated city ہے، وہاں پہ ایک ہاسپیٹل ہے، ڈی ایچ کیو ہاسپیٹل تیمرگرہ، وہاں پہ اسی پروگرام میں Heavy embezzlement ہوا ہے کہ ڈاکٹر بھی چیختے ہیں، سرجن بھی چیختے ہیں، نرسز بھی چیختی ہیں، پیرامیڈیکس بھی چیختے ہیں کہ خدارا اس پہ انکوائری کی جائے، اس پہ، یہ جو سیکرٹری ہیلتھ بیٹھا ہے، خدا اس پہ رحم کرے، اللہ اس پہ رحم کرے، میں نے اس کو خود بھی کہا تھا مگر آج تک اس مد میں اس سلسلے میں جو Heavy embezzlement ہوا ہے، انکوائری شروع نہیں ہو رہی ہے، میں آپ کی وساطت سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو Responsible ہے، جس نے کیا ہے، جس کی کارستانی ہے، اس کے

Impartial enquiry constitute خلاف فی الفور جو بھی ہے اس کے خلاف ایکشن لیا جائے اور کی جائے تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے، تھینک یو۔

جناب سپیکر: بہت شکریہ۔ ملک لیاقت علی خان، عبدالمنعم خان، وہ اورنگزیب خان بولیں پھر آپ۔

جناب لیاقت علی خان (معاون خصوصی برائے بہبود آبادی): بِسۡمِ اللّٰـہِ الرَّحۡمٰـنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، اسی ٹائم میں نے ٹائم مانگا تھا جب لوگ ہمارے اوپر کیچڑ اچھالتے تھے اور میں نے جواب کرنا تھا لیکن بد قسمتی سے اس ٹائم میں ٹائم نہیں ملا، ابھی تو میں صرف خانہ پری کرونگا، وہ باتیں تو مجھے مزا ہی نہیں دیں گی کیونکہ فارم سینتالیس کی پیداوار سارے چلے گئے ہیں، میں کس کو، میں نے جو باتیں کرنا تھیں وہ ساری فارم سینتالیس کی پیداوار کے لئے تھیں، وہ تو سارے چلے گئے ہیں۔ (مداخلت) میں، نہیں آپ پینتالیس کے ہیں، آپ پینتالیس کے ہیں اس لئے آپ بیٹھے ہیں، سینتالیس والے سارے بھاگ گئے ہیں، تو سینتالیس والوں کو میں یہ کہتا ہوں کہ جو ہمارا اپوزیشن لیڈر صاحب کہتا ہے، (شور اور قہقہے) آوازیں نہ نکالو، آوازیں نہ نکالو، آوازیں نہ نکالو، یہ قہقہے نہ نکالو، آپ پینتالیس کے ہیں۔ جناب سپیکر، جو ہمارے فارم سینتالیس کے اپوزیشن لیڈر صاحب فرما رہے تھے کہ ہمارے سی ایم صاحب کا علاقہ No Go Area ہے تو یہ No Go Area کب سے بنا ہے؟ سب سے پہلے جب خان صاحب کی حکومت تھی تو ادھر کوئی No Go Area نہیں تھا، کراچی میں بھی No Go Area نہیں تھا، جدھر Zero Point کو No Go Area کہا جاتا تھا وہ بھی Go Area بن گیا تھا لیکن جب خان صاحب کی حکومت ختم ہو گئی تو سب سے پہلے مجھے ٹارگٹ کر کے میرے خاندان کو شہید کیا، مجھے ہسپتالوں میں پہنچایا تو اسی ٹائم میں یہ لوگ، ان کی حکومت تھی یہ جو No Go Areas بنتے ہیں تو ان لوگوں کی حکومت کی وجہ سے بنتے ہیں، ہمارے تین سالہ دور میں پوری دنیا میں، ایسا ایک مثالی امن تھا اس ٹائم کوئی کیوں نہیں کہتا تھا کہ No Go Area ہے تو یہ فارم سینتالیس کے اپوزیشن لیڈر صاحب کو میں یہ کہتا ہوں کہ آپ ہمارے سی ایم صاحب کے خلاف جو غیر پارلیمانی الفاظ آپ نے استعمال کئے ہیں کہ یہ کہتے ہیں کہ میں فلاں جگہ بند کرونگا، فلاں جگہ بند کرونگا تو یہ نہیں کریں گے، تو آپ قانون کے تو عادی نہیں ہیں، قانون کے حساب سے تو آپ عادی نہیں ہیں، آئین کو آپ مانتے نہیں ہیں، تو پھر ہم آپ لوگوں کو بند نہیں کریں گے تو کیا سر پر بٹھائیں گے؟ ایسا ہی کریں گے، اس کے علاوہ تو ہمارے پاس کوئی چارہ نہیں۔ یقیناً اس نے ہاسپیٹلز کی باتیں کیں، اس نے صحت کارڈ کی باتیں کیں، اس نے ہمارے میٹرو کے بارے میں بات کی،

اس کے جنگلہ بس کی حالت دیکھیں کہ اس نے پورے پاکستان کو کتنا نقصان پہنچایا؟ اس کے وہ ٹرانسفارمر، وہ گرڈ سٹیشنز جو Turkey سے کرائے پر لائے تھے، اس کی باتیں کریں کہ اس سے ایک پیسے کا فائدہ ہوا ہے پاکستان کو، پورے ان لوگوں کے اپنے صرف کمیشن اور جیب بھرنے کے لئے ان لوگوں نے لیکر آئے تھے، وہ تو ہم نے نہیں چھیڑا ہے کیونکہ ہم پاکستانی ہیں، ان لوگوں نے تو پاکستان کو تباہ و برباد کر دیا ہے اور صرف اور صرف، صرف اور صرف اس لئے کہ یہ Swiss Bank بھر کر رکھیں اور یورپ اور امریکہ میں اپنے بنگلے بنائیں، ہم نے جو بھی کیا ہے۔ بجٹ پر آتا ہوں۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ملک صاحب، دور نکل گئے ہیں۔

<u>معاون خصوصی برائے بہبود آبادی</u>: بجٹ پر آتا ہوں لیکن بجٹ سے پہلے ان لوگوں نے جو باتیں کی ہیں، اس کے لئے میں یہ کہتا ہوں کہ یہ کہتے ہیں کہ ہیلتھ کارڈ میں بوگس کام ہے، یہ لیکر آئیں ثبوت، ہم سزا دلوائیں گے اور اس نے جو کہا ہے، جو ہمارے مشیر جنگلات صاحب نے فرمایا کہ یہ حلف اٹھائیں، ہم تو پچھلے پندرہ سال سے، پچھلے دس سال سے آج تک حلف اٹھاتے ہیں لیکن یہ صرف فارم پینتالیس پہ حلف اٹھائیں کہ ہم پیداوار نہیں ہیں اس کے، واللہ میں مانوں گا ورنہ یہ بوگس لوگ ہیں، ان کے ساتھ ہماری بات کرنے کا فائدہ کچھ نہیں، یہ ہمارے لئے فضول ہیں اور یہ فارم پینتالیس کے چند، جب تک ہمارے فارم پینتالیس اور یجنل بحال نہیں ہوتے تو ادھر بھی دھرنے ہونگے، ادھر بھی سب کچھ بند ہوگا اور ادھر بھی بند ہوگا، ہم کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے، ہم اپنا حق لیکر رہیں گے، (تالیاں) کسی کو ہم نہیں چھوڑتے اور یہ اگر ادھر جو باتیں سناتے ہیں، آپ کے توسط سے یہ کہتا ہوں، آپ Custodian of the House ہیں کہ جو پرانی پرانی کہاوتیں سناتے ہیں تو پھر ہماری بھی باتیں سن کر جائیں، ایسا نہ کہ ہمیں یہ قصے سناتے رہیں اور پھر جائیں، یہ ادھر ہی رہیں پھر، تو جو باتیں کرتے ہیں پہلے، پھر وہ بعد میں، اور یہ ہر بات میں کہتے ہیں کہ ان کو پتہ نہیں ہے اور کسی ایسے لوگوں کے ساتھ مشورہ کریں، آپ کے ساتھ مشورہ کرکے پاکستان کو اور ڈبوئیں؟ آپ لوگوں نے تو ڈبویا ہے پاکستان کو اور آپ کے ساتھ مشورہ کرکے پاکستان کو اور بھی غرق کریں؟ ہمارے الحمد للہ خان صاحب کے ساتھ جتنے لوگ ہیں، پورے پاکستان میں ان کے مساوی نہیں ہیں کیونکہ وہ چور نہیں ہیں، وہ ڈاکو نہیں ہیں، وہ کمیشن نہیں لیتے ہیں، صرف پاکستانی ہیں اور پاکستان کے لئے کام کرتے ہیں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: بہت شکریہ، ملک صاحب۔

معاون خصوصی برائے بہبود آبادی: بجٹ پر میں بعد میں باتیں کرونگا، اگر آئندہ کسی نے خان صاحب یا میری حکومت یا میری پارٹی کے خلاف الٹا سیدھا بولا تو ادھر دمادم مست قلندر بناؤنگا میں۔

جناب سپیکر: بہت شکریہ، ملک صاحب، آپ بجٹ سے دور نکل گئے تھے، بہر حال آپ کا شکریہ۔ جناب اورنگزیب خان۔

جناب اورنگزیب خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو جناب سپیکر۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے بجٹ سپیچ کے لئے مجھے وقت دیا۔ ہونا تو چاہیئے تھا کہ لیڈر آف دی اپوزیشن نے جو تقریر کی، ہم نے بہت زبردست طریقے سے سنی لیکن جب ہماری باری آتی ہے تو پھر بھاگ جاتے ہیں، سیاست اسی کو کہتے ہیں کہ آپ آکر مقابلہ کریں اور میں پورے ہاؤس کو ریکویسٹ کرتا ہوں کہ جب بھی وہ بات کرتے ہیں، تحمل سے ہم سنیں گے اور ہماری بات کو بھی تحمل سے سننا چاہیئے تاکہ پتہ چلے کہ کون حق پر ہے اور کون ناحق پر ہے؟ جناب سپیکر، لیڈر آف دی اپوزیشن نے کہا کہ آپ لوگ قبضہ کرنا چاہتے ہیں، میں اس کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہم قبضہ نہیں کرنا چاہتے ہیں، ہم آپ لوگوں سے جو فارم سینتالیس کے ذریعے پاکستان پر قبضہ کیا، گورنر ہاؤس پر قبضہ کیا، وفاق پر قبضہ کیا، پنجاب پر قبضہ کیا، ہم Recover کرنا چاہتے ہیں، یہ ہمارا حق ہے کیونکہ ہم نے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے عمران خان کو، عمران خان کو عوام نے میڈیٹ دیا، اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے۔ ابھی میں آتا ہوں بجٹ کی طرف، جناب سپیکر، آپ کو یہ پتہ ہے اور پورے ہاؤس کو پتہ ہے کہ اس وقت پندرہ سو ارب سے زیادہ وفاق ہمارا مقروض ہے، اگر وہ پیسہ ٹائم پر نہ مل جائے تو مجھے یہ بتائیں کہ یہ صوبہ کس طرح چلے گا؟ سب سے پہلے ہماری یہ ڈیمانڈ ہے اور ہم پرزور اپیل کرتے ہیں کہ وفاق کے ساتھ جو ہمارا جو پیسہ ہے وہ فٹافٹ واپس کرے تاکہ یہ صوبہ چل جائے۔ اس کے علاوہ جس طرح تمام ممبروں نے کہا کہ 'ٹھیکہ ٹیکر' حکومت نے ہمارے اوپر جب مسلط کیا، کیونکہ وہ میرٹ کے ذریعے نہیں آیا، مسلط کیا گیا اور آپ کو پتہ ہے جناب سپیکر صاحب، کہ دو مرتبہ اس نے کافی بجٹ پاس کیا اور وہ بجٹ کدھر استعمال ہوا؟ اس کا Proper audit ہونا چاہیئے تاکہ پتہ چلے کہ کتنی کرپشن ہوئی اس میں اور کدھر صحیح معنوں میں اس نے پیسہ استعمال کیا؟ سب سے ضروری یہ ہے جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ اس کے علاوہ میرا تعلق ہے ایکس فاٹا سے، اور آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ جب زبردستی سے انضمام کر رہا تھا، نون لیگ گورنمنٹ نے کیا 2018 میں اور آپ کو یہ بھی پتہ ہے کہ کونسی شرائط پر ہوا انضمام، وہ ان شرائط پر ہوا کہ آپ کو ہر سال ہم

دیں گے ایک سو بلین اور اس کے علاوہ چوبیس ہزار نوکریاں، تو بڑے بڑے گرین باغات کو فاٹا عوام کے سامنے رکھا لیکن بدقسمتی سے اس پر کچھ عمل درآمد نہیں ہوا، تو میں یہ جانتا ہوں جناب سپیکر، کہ اس وقت ہمارا جو صوبہ ہے، وہ خود بہت تکلیف میں ہے لیکن وفاق نے وہی ٹائم انضمام کے وقت جو وعدے کئے ہوئے ہیں، وہ ضرور پورے ہونے چاہئیں۔ اس وقت جو پوزیشن ہے وہ یہ ہے کہ صرف KPK جو صوبہ ہے وہ پیسہ دے رہا ہے اور باقی تینوں صوبوں سے جو ہے وہ پیسہ نہیں مل رہا ہے، تو مجھے یہ بتائیں کہ آپریشن کے بعد ایکس فاٹا کی جو پوزیشن ہے وہ آپ کے سامنے ہے، اگر اس طرح ہم کو بجٹ ملیں گے تو یاد رکھنا جناب سپیکر، ہمارا ایکس فاٹا دو سو سال میں بھی وہ نہیں بن سکتا ہے، یہ ہمارے ساتھ ظلم ہے۔ تو آپ کے توسط سے کہ برائے مہربانی جو ایکس فاٹا کے ساتھ کئے ہوئے وعدے ہیں، وہ پورے ہونے چاہئیں، ہماری بہت محرومیاں ہیں، تمام جو ایکس فاٹا کے ممبرز موجود ہیں اس ہاؤس میں، لوگ مطالبے کرتے ہیں، بہت زیادہ مشکلات کا سامنا ہے تو اس کا ازالہ کیا جائے۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ بھی بتاتا چلوں کہ جب تک ایکس فاٹا کا جو حق ہے وہ نہ دیا جائے، یہ قوم اور یہ پاکستان ترقی نہیں کر سکتا ہے، یہ قول زرین ہے کہ جس قوم میں انصاف نہ ہو وہ کس طرح ترقی کرے گی، تو میرے خیال میں جتنے تمام ممبرز بیٹھے ہوئے ہیں وہ ایکس فاٹا سے ہیں یا KPK سے ہیں، ہر ڈسٹرکٹ سے ہیں، میرے خیال سے ابھی ہم بھی اس صوبے کا حصہ ہیں، تو میرے خیال میں مل جل کر فاٹا کی جو محرومیاں ہیں، وہ آپ کے سامنے ہیں، اس کے لئے جدوجہد کرنا پڑے گی کیونکہ یہ ایک خوبصورت علاقہ ہے، Natural resource سے بھی مالامال ہے، اگر اس کو Ignore کیا جائے تو ہم ہمیشہ کے لئے پیچھے رہ جائیں گے۔ تو جناب سپیکر، آپ سے گزارش ہے، ماشاءاللہ آپ کو بھی پتہ ہے اچھی طرح سے، کہ فاٹا کے حوالے سے اس میں جو ہمارا جتنا بقایا ہے تمام اور صوبوں سے، وہ Recover ہونا چاہیئے کیونکہ یہ ہمارا صوبہ بھی ہے، اس وقت ہماری گورنمنٹ بھی ہے اور مجھے پتہ ہے کہ عمران خان نے فاٹا کے لئے پہلے بھی بہت کچھ کیا ہے اور ہمیں اپنے دبنگ وزیراعلیٰ سے بھی یہ امیدیں ہیں کہ وہ بہت کچھ کریں گے ایکس فاٹا کے لئے لیکن جب باہر سے ہمارا جو پیسہ ہے وفاق کے پاس، وہ بھی ملنا چاہیئے تب ہمارا جو ایکس فاٹا ہے وہ ترقی کر سکتا ہے۔ آخر میں میں زیادہ ٹائم نہیں خراب کرنا چاہتا ہوں، To the point جناب سپیکر، آپ کو یہ پتہ ہے کہ ہمارا علاقہ Natural resource سے مالامال ہے اور ہمارے جو لوکل لوگ ہیں وہ یہ ڈیمانڈ کر رہے ہیں کہ خدارا ہمارے جو Natural resource ہیں، ان پر اور لوگ قبضہ نہ کریں، وہ آپ بھی جانتے ہیں اور میں بھی جانتا ہوں، جو میں نے اشارہ دیا، کافی

ہے،اشارہ ٹھیک ہے اور Specially جناب، بالکل کیونکہ اس وقت بھی فاٹامیں آپ کو پتہ ہے کہ الحمد للہ آپریشن کے بعد امن سب کچھ، بعض طاغوتی قوتیں کوشش کررہی ہیں کہ وہ امن خراب کریں لیکن میں اس فلور پہ آپ کو یہ ایک بات بتانا چاہتا ہوں کہ ان شاءاللہ ابھی ایک فاٹا کے جو لوگ ہیں، ہم اپنے علاقے کی خود Safety کریں گے، نہ خود بدامنی پیدا کریں گے نہ کسی کو اجازت ہے اور تاریخ گواہ ہے اس بات کی کہ ہر Frontline پہ فاٹاکے لوگ ہیں،ایکس فاٹاکے لوگ ہیں، لیکن آج جو ہمارے ساتھ سوتیلی ماں کاسلوک ہورہاہے ناں، ہم اس کو برداشت نہیں کررہے ہیں۔

<u>جناب سپیکر</u>:بس Sum up کریں جی، Sum-up کریں اس کو۔

<u>جناب اورنگزیب خان</u>:جناب سپیکر، بس ایک منٹ میں اپنی بات ختم کرنا چاہتا ہوں، تو یہ بات اس لئے میں کررہاہوں کہ ایکس فاٹاکے جو لوگ ہیں ناں وہ ہم سے طلبگار ہیں ان باتوں کے اور آپ کو یہ بھی پتہ ہے کہ اس وقت ہمارا ہمیشہ کے لئے جو سیاسی سسٹم تھا، قبائلوں میں پارٹی وغیرہ کی اتنی وہ نہیں تھی طاقت، لیکن الحمد للہ عمران خان نے شعور دیا، آج جو ایکس فاٹامیں اپنے ریزلٹ کو دیکھا ہے، ہم نے بھاری اکثریت سے الحمد للہ پی ٹی آئی نے مینڈیٹ حاصل کیا، اسی لئے حاصل کیا۔

<u>جناب سپیکر</u>:بہت شکریہ، بہت شکریہ۔

<u>جناب اورنگزیب خان</u>:اس لئے حاصل کیا، اس کا وہ محبت ہے خان کے ساتھ اور ان شاءاللہ ہم اپنی جو صوبائی حکومت ہے اس سے ہم یہ توقع کرتے ہیں کہ ان شاءاللہ فاٹا کے جتنے مسائل ہیں وہ ایمرجنسی ہنگاموں میں ان شاءاللہ ہم حل کریں گے۔ تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: عبدالمنعم خان، اس کے بعد ثوبیہ شاہد صاحبہ اور پھر زاہد چن زیب صاحب۔

<u>جناب عبدالمنعم</u>: بِسْمِ اللّٰـهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، زمونږه کلي وال خبرې اوکړې خوهغه نقصنات ئے بیان کړل او فائده ئے اونه وئیله، نو بهرحال دوئ راوتلي دی، تبنتیدلي دی خو هغه بهر دغلته یو ځائې ته ناست دی، سپیکر ته ناست دی، زمونږدا خبرې هم اوری او ستاسو دا هم اوری، د هغوی طبیعت باندې زه پوهیږم، زه د هغوی کلي وال یم، مونږ یو شے یو۔ (تالیاں) دوئ دلته چي کومې خبرې اوکړې، مثال نقصانات ئے بیان کړل خو فائد ئے بیان نه کړه، لکه بی آر ټی، بی آر ټی نه نن په پښنور کښې دری نیم لکهه خلق، درې لکهه خلق مستفید کیږی چي په چهـ سو به تلل هغه نن په پنځوخ روپې ځي حیات آباد ته او په

لکهو لاکهه په لاکهونو روپئی ریونیو کیږی د ورځې او د هغې مقابله کښې ورسره جنګله بس دے په پنجاب او په دېکښې هغه تاوان کښې روان دے، په Loss کښې او مونږه پرې پیسې ګټوؤ او خلقو ته پرې سهولت هم دے، نو دا دوئ هسې هغه خبرې چې دے غل دے او څه وائی، ټول د دغه نه آؤټ لاړل، نن خو زمونږ بحث وؤ په بجټ، د بجټ پکښې هډو خبره هم نه وه او زما ستاسو نه هم ګیله پیدا شی، دومره ټائم ورکول زما خیال دے چې پخوا مونږ نه وو ورکړے خو ته یو انصافدار سړے ئې نو مونږه تاله مخې له ډیر نه راځو۔ دویم دوئ د صحت کارډ خبره اوکړه، د صحت کارډ نه چې څومره خلق مستفید کیږی، غریبانان او دوئ په پخپله ترې هم علاج کوی خو دوئ غلی غونډې کوی، فوټو نه ورکوی، هغه زمونږ خلق بیا فوټو ورکوی، دوئ ټول صحت کارډ نه علاج کوی او نن چې په ټوله اسمبلئ کښې اووه نیم کسان دی هغوی کښې درې نیم د سینتالیس پیداوار دی، درې نیمو کسانو ګټلې ده، زه پرې ګواه یم درې نیمو کسانو، د صحت کارډ، د دوئ صحت کارډ نه، چې څه شی نه سړے یریږی جی، د هغې دا نوم سړی ته بار بار راځی، دوئ د صحت کارډ نه اوس یریږی او صحت کارډ سره ئے هم داسې کار کړے دے، یو خو جی ما تاسو ته اووئیل دا پی ډی ایم لفظ ټهیک دے، دا نګران ترې اوباسئ، دا د پی ډی ایم حکومت وو، صحت کارډ ئې په نیمه وهلے دے، ولې دغه ایمرجنسی نه ده اپینډکس، اپینډکس وائی پکښې نشته، سټی سکین پکښې نشته، مطلب دوئ دا خلق وژنی، نو دوئ ته پته ده چې دا خلق کمول غواړی ځکه دوئ له خو څوک ووټ ورکوی نه، دوئ وائی چې دا به په څه طریقه کمیږی، نو زه تاسو ته دا وایم چې دا دوئ د صحت کارډ نه خلاف دی، د ونو لګولو نه خلاف دی، دې خو هر کار له، هغه تبلیغیان وائی خلق به ښو (ښه کار) ته رابلو او ناښه (بد کار) نه به ئے منع کوؤ، دوئ وائی مونږ به ناښه کار کوؤ او ښو نه به خلق منع کوؤ، دا بیخی الټه دی جی، هغه بیخی د دوئ پوهه کول غواړی او زه دې مشرانو ته هم خواست کوم چې دوئ دلته حاضری لږه ډیره وی نو ښه به وی جی۔ دریم جی دوئ خبره اوکړه، د دغه بجټ خبره بالکل مونږ د بجټ ملګری یو او مجبوری ده چې بجټ به څنګه پاس کوؤ چې مخکښې صوبه نه چلیږی خو زه وایم چې دا څه سکیمونه دوئ په دې پی ډی ایم وخت کښې کړی دی

چې دا سټينډنګ کميټيانو ته لاړ شي او د دې پته اولګي ځکه دوئ کار بغير د غلا نه بل څه کار نشته، دوئ د بسم الله نه مخکښې درې نيم اربه روپئې اوس په غنمو کښې اووهلې، وائی وزير اونيسئ، هغه چې پته اولګيده شهباز شريف پخپله هغه وخت کښې وزير وو، وزير د هغې نه وو، هغه چارج ئے ده سره وو، د بسم الله نه مخکښې هم دوئ غلا کوی، نو د دې څه داسې د صوبه هم دغه کړې ده او د دس سال نه د چاليس سال خبره ولې دې نه کوی جی۔

جناب سپیکر: بجٹ پہ آئیں، بجٹ پہ۔

جناب عبدالمنعم: بجٹ پہ آ رہا ہوں جی، بجٹ ایسا ہے کہ بجٹ کے ساتھ ہم اس لئے اس کو پاس کر رہے ہیں کہ ہم آگے چل نہیں سکتے، بالکل ہم بجٹ کے ساتھ Agree ہیں لیکن Check and balance ہونا چاہیے، جدھر بھی Check and balance نہ ہو تو اس کا کوئی عمل نہ ہوگا، میں ویسے ہی پاس کرنا ہوا تو ہم ایک دن میں بھی پاس کر سکتے ہیں کیونکہ یہ سات ہیں اور ہم سو سے زیادہ ہیں، تو بجٹ پاس کرنا کوئی مشکل نہیں ہے اور نہ ہمارے لئے کوئی ایسا ہے کہ ہم پاس نہیں کر سکتے، ہم دو منٹ میں یہ بجٹ پاس کر سکتے ہیں، آپ ایک آواز لگائیں گے "ہاں" اور "نہیں" میں، تو سارے "ہاں" ہیں لیکن اس کو حساب کتاب کرنا چاہیے سر، ایسا نہیں ہے کہ پھر ایسے خدا نہ کرے اگر اس کو کوئی موقع آ جائے، اس کو پتہ چل جائے گا کہ یار ویسے ہی حساب کتاب نہیں ہے، تو جیسے یہ مرکز نہیں ہے، یہ صوبہ ہے اور اس میں Check and balance ہے، تو خدا کے لئے اس کو ساری سٹینڈنگ کمیٹیوں کو بھیج دیں اور دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا، صحیح۔ شکریہ شکریہ، السلام علیکم۔

جناب سپیکر: بہت شکریہ، تھینک یو۔ محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، یہ سب نو مہینوں کا حساب مانگ رہے ہیں، پورا صوبہ نو (9) سال کا حساب آپ لوگوں سے مانگ رہا ہے، نو (9) سال کا، جو آپ اس صوبے پہ آپ مسلط ہو کر آئے ہوئے ہیں، نو (9) سال سے آپ لوگوں کے کارناموں کا حساب آپ سے مانگ رہے ہیں اور جناب سپیکر صاحب، پھر نو (9) مئی کا حساب کون دے گا؟ نو (9) مئی کا حساب ہے کسی کے پاس؟ (شور) نو (9) مئی کا حساب آپ لوگوں کو دینا ہوگا، نو (9) مئی کا حساب کتاب آپ لوگوں سے لینا ہوگا۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: اچھا اس طرح ہے، House in order، آپ نہ بولیں، ان کو بولنے دیں جوان کا، یہ بجٹ ہے، جو مرضی ہے بولیں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

محترمہ ثوبیہ شاہد: کیونکہ جب ہم نو(9) مئی کا حساب نہیں دیں گے ناں پی ٹی آئی کا نام آ سکتا ہے، میں حساب کتاب کی بات کر رہی ہوں، میں حساب کتاب کی بات کر رہی ہوں، میں بجٹ کی بات کر رہی ہوں۔ آپ لوگ بجٹ پہ آئیں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

محترمہ ثوبیہ شاہد: آپ لوگ نو مہینوں کا حساب دیں۔ آپ لوگ نو (9) مئی کا حساب دیں، ہے کسی میں جرات جو نو (9) مئی کا آج حساب دے دیں۔ نو (9) مئی پہ آپ لوگوں نے جن شہیدوں کے مجسموں کے ساتھ جو کیا ہے اس کا حساب دیں، نو (9) مئی پہ آپ لوگوں نے جو کور کمانڈر ہاؤس، جو جناح ہاؤس کا حشر کیا ہے اس کا حساب دیں، آج کے دن، اور باتیں تو آپ چھوڑیں، گالیوں میں، بدتمیزیوں میں، کوئی پارلیمانی Languageآپ کو آتی نہیں ہے، کوئی چیز آپ کو آتی ہے؟ کسی چیز کو آپ، کسی مقدس جگہ کے طریقے آپ کو آتے ہی نہیں ہیں، صرف اپنے آپ کو عمران خان کے سامنے اسلئے آگے پیش کر رہے ہو کہ بدتمیزی کریں، گالیاں دیں، تو ہم آگے ہو جائیں گے، کرو گالیاں، اس دن کم کیئے تھے آج بھی کرو، اٹھو لیکن نو (9) مئی کا حساب آپ لوگوں نے دینا ہوگا، ایک ایک نے دینا ہوگا، جو جو اس میں ملوث ہے وہ سامنے آئے گا، یہ نو مہینے، نو مہینے، نو (9) مئی کا حساب دو، نو سال کا حساب دو پھر بات کریں گے، نو سال، نو سال کا جو پیسہ آپ لوگوں نے کمایا، وہ آپ لوگوں نے نو (9) مئی پہ خرچ کیا، نو (9) مئی کی دہشت گردی پہ خرچ کیا ہے، ابھی تک تو آپ لوگوں کو اپنی پی ٹی آئی کا نشان ہی نہیں ملا، پھر کیا بات کر رہے ہو؟ (شور اور قطع کلامیاں) جناب، جناب، (شور اور قطع کلامیاں) نہ میں آپ کی چیخوں سے ڈرتی ہوں نہ میں حراست میں آتی ہوں، اپنے آپ کو دکھاؤ، جس نے چیخنا ہے اپنے اپنے اوقات بتاؤ، ہر ایک ممبر، جس طرح بتایا ہے، ٹھیک ہے اگر برداشت ہے، جس طرح برداشت سے ایک عورت ہو کر میں نے آپ لوگوں کی بات سنی تو بات میری سنو، یہ فلور آپ کے سپیکر نے مجھے دیا ہے، آپ لوگ میری بات سنیں، میری باتوں کا جواب دیں، آپ لوگ اپنے ٹائم پہ اٹھ کر بات کرو، ٹائم مل جائے گا، آپ کا سپیکر ہے، آپ کا سپیکر ہے، عمران خان آپ کو نہیں دیکھ رہا، آپ آرام سے بیٹھ جائیں، منسٹری مل جائے گی آپ کو، مل جائے گی،

مل جائے گی منسٹری، آرام سے بیٹھیں، کوئی کسی کو Publicity، منسٹری نہیں جناب سپیکر صاحب، پلیز ٹائم دیں اور سب کو موقع ہے، جس جس نے گالی۔۔۔

جناب امجد علی (معاون خصوصی برائے ہاؤسنگ): جناب سپیکر، کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: (ایڈیشنل سیکرٹری سے) انعام خان! آپ Counting کر لیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی ہو رہی ہے)

جناب سپیکر: مجھے Count کرنے دیں، پہلے دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی جارہی ہیں)

جناب سپیکر: کورم کی نشاندہی ہو گئی ہے، گھنٹیاں بجاکر Counting کریں گے، انعام صاحب، دوبارہ گن لیں، گن لیں ناں، گن کر پھر مجھے بتائیں، اچھا کورم ٹوٹ گیا ہے

The sitting is adjourned till 02:00 pm, Tuesday, 14 May, 2024.

(اجلاس کی کارروائی بروز منگل مورخہ 14 مئی بعد از دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گئی)